B.Ed./1 Sem/P-105(Biology)/Dec 2015

December 2015ء دسمبر | B.Ed Regular (بی۔ایڈ (ریگولر)) | (Semester-1) سمسٹر۔ا

پرچہ ۱۰۵ : تدریسیاتِ حیاتیات

Paper - 105 : Pedagogy of Biological Sciences

3 Hrs : وقت : Time گھنٹے | Maximum. Marks 70 : جملہ نشانات

حصہ A

نوٹ: مندرجہ ذیل (10) سوالات کے جوابات داخلی انتخاب کے ذریعہ دیجیے۔ 10 x 5 = 50

(2) ہر سوال کا جواب ایک صفحہ یا کم از کم (15) سطور پر مشتمل ہو۔

(3) ہر سوال کے لیے 5 نشانات مقرر ہیں۔

1. (الف) سائنس کی بنیادی (مادی) اور ترکیبی ساخت کے فرق کی وضاحت کیجیے۔

یا

(ب) حیاتیاتی سائنس کی تدریس کے اقدار پر روشنی ڈالیے۔

2. (الف) گریگر جان مینڈل کے کلیاتِ توارث بیان کیجیے۔

یا

(ب) چارلس ڈارون کے نظریہ ارتقاء کو بیان کیجیے۔

3. (الف) انسانی فلاح و بہبود (Human Welfare) میں حیاتیاتی سائنس کے متعلق ایجادات پر نظر ثانی کیجیے۔

یا

(ب) کسی فرد میں سائنسی رجحان کو ظاہر کرنے والی خصوصیات بیان کیجیے۔

4. (الف) حیاتیاتی سائنس کے دیگر مضامین سے ربط کی وضاحت کیجیے۔

یا

(ب) خرد تدریس (Micro Teaching) کا تصور (Concept) نوعیت (Nature) اور اہمیت کو سمجھائیے۔ کسی پانچ مہارتوں پر روشنی ڈالیے۔

5. (الف) حیاتیاتی سائنس کی تدریس کے اغراض و مقاصد بیان کیجیے۔

یا

(ب) Benjamin Bloom بنجامن بلوم اور ساتھیوں کا پیش کردہ تعلیمی مقاصد کی درجہ بندی کا خاکہ اتاریئے۔

6. (الف) حیاتیاتی سائنس کی تدریس کے استعداد (Competencies) کی اہمیت پر روشنی ڈالیے۔

یا

(ب) برتاؤی مقاصد اور ترجیحات (Behavioural Objectives and Specifications) پر مبنی سبق منصوبہ کی اہمیت کو واضح کیجیے۔

7. (الف) سائنس کی تدریس میں تعمیریت (Constructivism) پر مبنی رسائی کو مثالوں کی مدد سے وضاحت کیجیے۔

یا

(ب) گروہی تدریس (Team Teaching) کے تصور کی مثالوں کے ذریعہ وضاحت کیجیے۔

P.T.O.

.8 (الف) سائنس کی تدریس کے استقرائی (Inductive) اوراستخراجی (Deductive) طرز رسائی کے فرق کو بیان کیجیے۔

یا

(ب) مسائل کے حل کا طریقہ (Problem Solving Method) کی وضاحت کیجیے۔

.9 (الف) تجربہ گاہ کا طریقہ (Laboratory) اور تجربہ گاہ کی اہمیت کو سمجھائیے۔

یا

(ب) (Lecture cum Demonstruction) لیکچر ومظاہرہ کے طریقہ سے کسی حیاتیاتی سائنس کے عنوان پر تبصرہ کیجیے۔

.10 (الف) تختہ سیاہ (Black Board) پر لکھنے اور تصاویر اتارنے کی مہارت کا حیاتیاتی سائنس میں اہمیت کو بیان کیجیے۔

یا

(ب) حیاتیاتی سائنس میں (Concept - Mapping) تصوراتی نقشہ جات کا تدریس اکتساب میں انتہائی اہمیت ہے۔اس کو سمجھائیے۔

حصہ B

نوٹ: (1) مندرجہ ذیل طویل جوابی سوالات کے جوابات داخلی انتخاب کے ذریعہ دیجیے۔ **2 x 10 = 20**

(2) ہرسوال کا جواب 3 صفحات پر مبنی ہو اور ہر صفحے میں 15 سطور سے زائد نہ ہوں۔

(3) ہرسوال کے 10 نشانات مختص ہیں۔

.11 (الف) حیاتیاتی سائینس کی تدریس کے ذریعہ ہم اپنے طلبہ میں کونسے اقدار (Values) پروان چڑھا سکتے ہیں مثالوں کے ذریعہ بحث کیجئے۔

یا

(ب) ثانوی سطح کی حیاتیاتی سائنس کی تدریس میں منصوبی طریقہ تدریس کے ذریعہ کسی سبق کی تدریس کے مختلف مراحل کی تفصیل بیان کیجیے۔

.12 (الف) حیاتیاتی سائینس کی تدریس میں مسلسل اور جامع قدر پیائش (Continuous and Comprehensive Evaluation) کس طرح کیا جا سکتا ہے۔ تفصیل سے بیان کیجئے۔

یا

(ب) ماڈلس آف ٹیچنگ Models of Teaching سے کیا مراد ہے۔حیاتیاتی سائینس کی تدریس میں InquiryTrainingModel کا موثر استعمال مثالوں کے ذریعہ واضح کیجئے۔

☆☆☆